نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

سیکرٹری زراعت پنجاب نادر چٹھہ کا فیصل آباد کا دورہ، گندم کے کاشتکاروں کی آگاہی کیلئے منعقدہ میگا فارمرڈے میں شرکت اور ایوب زرعی تحقیقاتی ادارہ فیصل آباد میں جاری تحقیقاتی سرگرمیوں سے متعلق بریفنگ

کاشتکاروں کو معیاری زرعی مداخل کی دستیابی یقینی بنانے کیلئے ہر ممکن اقدامات کئے جا رہے ہیں سیکرٹری زراعت پنجاب نادر چٹھہ

لاہور 21 اکتوبر 2023: صوبہ پنجاب میں امسال 1 کروڑ 60 لاکھ ایکڑ رقبہ گندم کے زیرِ کاشت لایا جا رہا ہے۔گزشتہ سال صوبہ پنجاب میں فیصل آباد ڈویژن میں سب سے زیادہ اوسط پیداوار 38 من فی ایکڑ حاصل ہوئی۔اس سال بھی کاشتکار اسی جذبے سے زیادہ سے زیادہ رقبہ پر گندم کاشت کریں تا کہ فوڈ سیکیورٹی کا حصول ممکن ہو سکے۔ان خیالات کا اظہار سیکرٹری زراعت پنجاب نادر چٹھہ نے فیصل آباد میں گندم کے کاشتکاروں کو جدید پیداواری ٹیکنالوجی سے آگاہی کے لئے فیصل آباد میں منعقدہ میگا فارمرڈے کے موقع پر خطاب کرتے ہوئے کیا۔تقریب میں ایڈیشنل کمشنر فیصل آباد طارق خان نیازی، ڈپٹی کمشنر فیصل آباد عبداللہ نیّر، ڈائریکٹر جنرل زراعت توسیع ڈاکٹر اشتیاق حسن، چیف سائنٹسٹ ایوب زرعی تحقیقاتی ادارہ فیصل آباد ڈاکٹر اختر، ڈائریکٹر زراعت توسیع چوہدری عبدالحمید اور ڈائریکٹر زرعی اطلاعات پنجاب رائے مدثر عباس سمیت محکمہ زراعت کے دیگر افسران اور کاشتکاروں کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے سیکرٹری زراعت پنجاب نے مزید کہا کہ کاشتکاروں کی پیداواری لاگت میں کمی اُن کی اولین ترجیح ہے تا کہ کاشتکار ربیع 24-2023 کے دوران گندم کی بھرپور پیداوار حاصل کر سکیں۔انھوں نے محکمہ زراعت توسیع کے افسران کو مارکیٹ میں معیاری زرعی مداخل کی فراہمی یقینی بنانے کیلئے فوری اقدامات کرنے کی ہدایات کیں۔انھوں نے واضح کیا کہ غیر معیاری زرعی مداخل فروخت کرنے والے اور بلیک مارکیٹنگ میں ملوث افراد کے خلاف فوری کاروائی عمل میں لائی جائے گی تا کہ کاشتکاروں کو معاشی استحصال سے بچایا جا سکے۔سیکرٹری زراعت پنجاب نادر چٹھہ نے کہا کہ کاشتکار غیر معیاری زرعی مداخل فروخت کرنے والے افراد کے خلاف بذریعہ واٹس ایپ اپنا میسج یا وائس میسج فون نمبر **03457609359** پر کریں تا کہ ان عناصر کے خلاف فوری کاروائی کی جا سکے۔انھوں نے مزید کہا کہ امسال فیصل آباد میں 5 لاکھ 75 ہزار رقبہ گندم کے زیرِ کاشت لایا جا رہا ہے اور گندم کا پیداواری ہدف 40 من فی ایکڑ مقرر کیا گیا ہے جس کے حصول کے لئے کاشتکار محنت اور قومی جذبے سے کام کریں۔بعدازاں، سیکرٹری زراعت پنجاب نے ایوب زرعی تحقیقاتی ادارہ فیصل آباد کا دورہ کیا اور گندم و تیلدار اجناس کے ریسرچ ایریا کا وزٹ کیا اور تحقیقاتی سرگرمیوں سے متعلق بریفنگ لی۔اس موقع پر سیکرٹری زراعت پنجاب نے زرعی سائنسدانوں کو موسمیاتی تبدیلیوں سے متعلق فصلوں کی نئی اقسام کی دریافت پر زور دیا تا کہ جدید تحقیق کی مدد سے فصلوں کی پیداوار میں اضافہ ہو گا۔

☆☆☆☆